Charter Revision Commission

# ایگزیکٹیو کے خلاصے کی فائنل رپورٹ

## جولائی 2024

21 مئی 2024 کو، میئر ایرک ایڈمس نے 2024 کے چارٹر ریویژن کمیشن کا اعلان کیا اور کارلو سیسورا (Carlo Scissura) کو اس کا چیئرمین مقرر کیا، اور 12 دیگر کمیونٹی لیڈروں کو کمیشن میں خدمات انجام دینے کے لیے مقرر کیا۔ میئر نے کمیشن کو پورے چارٹر کا جائزہ لینے کی ذمہ داری سونپی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ نیویارک کے تمام باشندوں کے لیے خاطر خواہ کارگر ہو اور ان کے تئیں جوابدہ ہو۔ میئر نے کمیشن سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ وہ بالخصوص اس بات کا معائنہ کرے کہ آیا عوامی تحفظ اور مالیاتی ذمہ داری کو فروغ دینے کے لیے چارٹر میں ترمیم کی جانی چاہئے۔

نیویارک شہر کے پورے چارٹر کا جائزہ لینے، عوامی تاثرات، ماہرین کی گواہی، تحقیق اور تفتیش مکمل کرنے کے بعد، کمیشن نے 5 نومبر 2024 کو ہونے والے عام انتخابات میں نیویارک شہر کے ووٹرز کے سامنے مندرجہ ذیل مجوزہ ترمیمات پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے:

### صاف ستھری سڑکیں

پہلے بیلٹ کے سوال میں، کمیشن نے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ڈپارٹمنٹ آف سینی ٹیشن (DSNY) کی اتھارٹی کو وسیع کرنے اور اسے واضح کرنے کے لیے ترمیم تجویز کی ہے۔

فی الحال، چارٹر سے DSNY کو شہر کی صرف بعض املاک کو صاف کرنے کا اختیار ملتا ہے، تمام املاک کو صاف کرنے کے لیے نہیں۔ دائرہ اختیار کی اس ناقص تفویض سے شہر کی مخصوص املاک جیسے درمیانی مقامات کے مرکز کو صاف کرنے کی کوششیں پیچیدہ ہوجاتی ہیں۔ اس ترمیم سے DSNY، میئر کی ہدایت پر، شہر کی زیر ملکیت کسی بھی جائیداد کو صاف کرنے پر قادر ہوگا۔

اسی طرح، کوڑے کے کنٹینرائزیشن اور اس کے نتیجے میں صفائی اور صحت عامہ کے فوائد کو فروغ دینے کی کوشش کے تحت، DSNY نے کئی ایسے قوانین وضع کیے ہیں جن سے شہر کی سڑکوں پر غیر ڈبہ بند کوڑے کے پڑے ہونے کا وقت کم ہوتا ہے۔ تاہم، چارٹر میں کنٹینرائزیشن کو فروغ

دینے کا مینڈیٹ DSNY کو واضح طور پر نہیں سونپا گیا ہے۔ ترمیم سے یہ واضح ہوگا کہ DSNY کے پاس کوڑے کو جمع کرنے کے لیے رکھے جانے کے طریقے کو، بشمول کنٹینرز کے استعمال کا مطالبہ کرکے، منضبط کرنے کا اختیار ہے۔

آخری بات، اس حقیقت کے باوجود کہ آفس آف اسٹریٹ وینڈر انفورسمنٹ DSNY کے اندر واقع ہے، چارٹر DSNY کو اس وینڈنگ کے کاروبار پر نفاذ کا اختیار واضح طور پر فراہم نہیں کرتا ہے جو کہ سڑکوں اور فٹ پاتھ کے علاوہ شہر کی دیگر املاک پر، جیسے پارکوں میں واقع ہے۔ اس ترمیم سے DSNY کی انفورسمنٹ اتھارٹی نہ صرف گلیوں اور فٹ پاتھ پر بلکہ دیگر اقسام کی سٹی پراپرٹی پر واقع اسٹریٹ وینڈرز تک وسیع ہوجائے گی۔

## مالیاتی ذمہ داری

دوسرے بیلٹ کے سوال میں، کمیشن شہر کے ذریعہ مجوزہ مقامی قوانین کے مالی اثرات کا اندازہ لگانے اور مخصوص پرانی اور غیر مؤثر بجٹ کی میعادوں کو نمٹانے کے طریقے کو بہتر بنانے کے لیے ترمیم کی تجویز پیش کرتا ہے۔

سب سے پہلے، مجوزہ قوانین کی لاگت پر غور میں اضافہ کرنے کے واسطے، کمیشن چارٹر کے اس سیکشن میں تبدیلیوں کی تجویز کر رہا ہے جس میں مالیاتی اثرات کے بیانات مطلوب ہوتے ہیں۔ فی الحال، کونسل عام طور پر مالیاتی اثرات کے بیانات صرف اسی وقت شائع کرتی ہے جب مجوزہ مسودہ قانون کو عنقریب بطور قانون اپنایا جانے والا ہو۔ نتیجتاً، قانون سازی کے بارے میں زیادہ تر عوامی مباحثے— اور بل تیار کرنے کے لیے قانون سازی کے بیشتر کام — مالیاتی اثرات کے بیان اور اس میں موجود لاگت کے تخمینہ کے فائدے کے بغیر انجام پاتے ہیں۔ مجوزہ مقامی قانون پر عوامی سماعت سے پہلے قانون سازی کے عمل میں مالیاتی اثرات کے بیان کا تقاضا کرنے سے، اس ترمیم میں مجوزہ قوانین کے مالیاتی اثرات پر زیادہ غور وخوض کی حوصلہ افزائی ہوگی گی۔ قانون سازوں اور عوام کو مجوزہ قانون سازی کے مالی اثرات کا حتمی تخمینہ دینے کے واسطے بھی مالیاتی اثرات کا تازہ ترین بیان - کسی مجوزہ قانون پر مکمل کونسل کے ووٹ سے قبل- درکار ہوگا۔ مجوزہ ترمیم میں یہ تقاضا ہوگا کہ مجوزہ مقامی قوانین کے مالیاتی اثرات کے بیانات میں دو تخمینے شامل ہوں، ایک کونسل کی طرف سے اور ایک آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ کی طرف سے، تاکہ مالیاتی اثرات کی نسبتا زیادہ تفصیلی اور ٹھوس معائنے کو فروغ دیا جا سکے۔ اس تجویز میں ماہرین اور مالیاتی اثرات کے گوشوارے

کے عمل میں تبدیلیوں کا مطالبہ کرنے والی اچھی حکومتی تنظیموں سے خاطر خواہ گواہی کے ذریعے معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

اس ترمیم سے چارٹر میں موجود بجٹ سے متعلق متعدد آخری تاریخیں بھی اپ ڈیٹ ہوں گی۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نئی میئر انتظامیہ کو ابتدائی بجٹ مرتب کرنے کے لیے مناسب وقت فراہم ہو، اس ترمیم سے میئر کے انتخاب کے بعد کے سالوں میں ابتدائی بجٹ کی آخری تاریخ کو 16 جنوری سے یکم فروری تک بڑھایا جائے گا۔ انہی برسوں میں، مجوزہ ترمیم سے یکم فروری کے ابتدائی بجٹ کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے متعلقہ میعادوں میں تبدیلی ہوگی۔ آخری بات، اس ترمیم کے ذریعہ آئندہ مالی سال کا ایگزیکٹو بجٹ پیش کرنے کی آخری تاریخ کو 26 اپریل سے یکم مئی تک بڑھایا جائے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ایگزیکٹو بجٹ میں 15 اپریل کی ٹیکس ڈیڈ لائن تک کی ٹیکس وصولیوں اور محصولات کے بارے میں قیمتی معلومات کی عکاسی ہو۔

## عوامی تحفظ

تیسرے بیلٹ کے سوال میں، کمیشن نے عوامی تحفظ سے متعلق مقامی قوانین کے غور وخوض میں عوامی رائے اور تبادلہ خیالات کو فروغ دینے کے لیے ترمیم کی تجویز کی ہے۔

فی الحال، عوامی تحفظ سے متعلق قانون کی منظوری کے تقاضے دیگر امور سے متعلق قانون کی منظوری کے تقاضوں سے مختلف نہیں ہیں۔ کمیشن نے عوام اور اسٹیک ہولڈرز سے کافی گواہی سنی جس میں یہ خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ عوامی تحفظ کے اقدامات پر غور وخوض کرنے کے موجودہ عمل میں عوامی رائے اور جائزے کے کافی مواقع کا اہتمام نہیں ہے۔ عوامی تحفظ کے قانون پر کونسل کے غور وخوض میں عوامی رائے کے لیے مزید مواقع دینے کا مقصد نسبتا زیادہ بغور تبادلہ خیال پر قادر بنانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ جب قانون میں اس اہم شعبے کا بیان ہو تو پورے شہر کے متاثرہ طبقوں کی بات سنی جائے۔

بالخصوص، اس تجویز سے تین سٹی ایجنسی: محکمہ پولس، محکمہ اصلاحات، یا فائر ڈپارٹمنٹ کے عوامی تحفظ کے کاموں کے سلسلے میں کونسل کے مجوزہ مقامی قوانین کو زیر غور لانے کے لیے اضافی طریقہ جاتی لوازمات قائم ہوں گے۔ کسی احاطہ شدہ عوامی تحفظ کی تجویز پرمکمل کونسل کے ووٹ سے قبل، کونسل کو عوام، میئر، اور متاثرہ ایجنسی کے کمشنروں کو اس طرح کی ووٹنگ سے کم از کم 30 ایام کا پیشگی اضافی نوٹس دینا ہوگا۔ نوٹس اور حتمی ووٹ کے درمیان کی مدت کے

دوران، میئر اور متاثرہ ایجنسی کو اضافی عوامی رائے حاصل کرنے کے واسطے تجویز پر ایک یا زیادہ اضافی عوامی سماعتیں منعقد کرنے کی اجازت ہوگی۔ جہاں مناسب ہو، ان سماعتوں میں باہری حلقوں میں عوامی سماعتوں کا انعقاد شامل ہو سکتا ہے تاکہ متاثرہ طبقوں کی رائے حاصل کرنے کی سہولت مل سکے۔

## سرمایہ کی منصوبہ بندی

چوتھے بیلٹ کے سوال میں، کمیشن نے شفافیت کو فروغ دے کر اور سٹی کے ذریعہ اہم معلومات جمع کرنے کو یقینی بنا کر شہر کے سرمایہ کی منصوبہ بندی کے عمل کو بہتر بنانے کی ترمیم تجویز کی ہے۔

شہر اپنے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرنے کا طریقہ متعین کرنے کے لیے باقاعدہ سرمایہ کی منصوبہ بندی کا کام کرتا ہے۔ کمپٹرولر بریڈ لینڈر (Brad Lander) کی سفارش کے مطابق، اس تجویز سے اس بات کو یقینی بنا کر شفافیت کو فروغ ملے گا کہ شہر سہولیات کی مرمت کی حالت کے بارے میں مزید معلومات شائع کرے۔ اس سے یہ بھی یقینی ہوگا کہ دس سالہ سرمایہ کا منصوبہ تیار کرتے وقت، محکمہ سٹی پلاننگ اور آفس آف منیجمنٹ اینڈ بجٹ شہر کی سہولیات کی حالت اور دیکھ ریکھ کی ضروریات کو دیگر عوامل کے ساتھ ملحوظ رکھے، جیسے جغرافیائی تقسیم، لچکد کی صلاحیت پر اثرات، اور ایجنسی کے کام یا مشن کے لحاظ سے سہولیات کی اہمیت۔

## MWBEs اور تجدید کاری

پانچویں اور آخری بیلٹ کے سوال میں، کمیشن نے سٹی گورنمنٹ کے کام کاج کو بہتر بنانے کے واسطے چارٹر کے متعدد التزامات کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے ترمیم کی تجویز کی ہے۔

اقلیتی طبقے اور خواتین کے زیر ملکیت کاروباری اداروں (MWBEs) کو سپورٹ کرنے کے لیے، اس ترمیم سے چارٹر میں چیف بزنس ڈائیورسٹی آفیسر (CBDO) کا قیام عمل میں آئے گا اور یہ التزام ہوگا کہ MWBEs کے لیے CBDO رابطے کے مقام کے طور پر کام کرے گا، حصول میں تفاوتوں کو دور کرنے کے لیے شہر کی پالیسیوں کی افادیت کا معائنہ کرے گا، اور شہر کی پالیسی میں حسب ضرورت تبدیلیاں تجویز کرے گا۔

دوسری بات، اس ترمیم سے میئر کو فلم پرمٹس پر کارروائی کرنے والے دفتر — میئر آفس آف میڈیا اینڈ انٹرٹینمنٹ ( (MOME— کو یہ پرمٹس جاری کرنے کی اجازت دینے کا اختیار ملے گا۔

آخری بات، اس ترمیم سے چارٹر کے ذریعے قائم کیے گئے بورڈز کو ضم کیا جائے گا جن کا ایک ہی مشن ہے: میونسپل آرکائیوز کے مؤثر کام کاج کو یقینی بنانا۔